02/10/2025

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مشاہد احمد سے خبریں سُنئے

گاندھی جینتی

قوم آج با بائے قوم مہا تما گاندھی کو اُن کی جینتی پر یاد کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں آج دن بھر کئی تقریبات کا اہتمام ہے جبکہ قومی راجدھانی میں آج راج گھاٹ پر سبھی مذاہب کی ایک دعائیہ مجلس کا اہتمام ہوا۔

رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مو دی، CPصدرجمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سینئر کانگریس□یڈرسونیا گاندھی، ملک ارجن کھڑگے اور راہل گاندھی نے مہا تما گاندھی کی خدمات کو یاد کر تے ہوئے انہیں خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

جموںو کشمیر کے□یفٹنٹ گورنرمنوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمرعبد□لہنے بھی گاندھی جی کو ان کی جینتی پر شاندار□فاظ میں خراج ادا کیا ہے۔ قوم آج سابق وزیر اعظم لال بہادر شاستری کو بھی ان کی سا□گرہ پر یاد کر رہی ہے۔

ناصر وانی

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ ناصر اسلم وانی کو ایک باضابطہ عمل کے ذریعے سرکاری حکم نامے کے تحت اُن کا مشیر مقرر کیا گیا ہے۔

ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں انہوننے کہا کہ تاہم ان کی تعیناتی کے بارے میں شرط و شرائط ابھی طے کرنا باقی ہے، جن میں عمر عبداللہ کے بقول غیر ضروری تاخیر کی جا رہی ہے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اسکے با وجود ناصر اسلم وانی اپنی خدمات احسن طریقے پر انجام دے رہے ہیں۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ سرکار دیہی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے اور ترقیاتی عمل کی رفتار بڑھانے کے□ئے پُر عزم ہے۔

وہ راجوری کے سُندر بنی علاقے میں کئی اہم سڑک پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد ایک جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوننے ساتھ ہی منگل دیوی مندر میں بھی حاضری دی۔

بنکJK

جمونو کشمیر بنک نے اپنے88ویں یوم تاسیس کے موقعے پر سرینگر میں اپنے کارپوریٹ دفتر پر ایک شاندار تقریب منعقد کی۔

بنک کے بانی مہاراجہ ہری سنگھ کو JK امتوا چٹر جی نےCEOبینک کے منیجنگ ڈائریکٹر اور یاد کر تے ہوئے اس م□یاتی ادارے کی بنیاد رکھنے کی ان کے دوراندیش نظریے کی سراہنا کی۔

تقریب پر ادارے کے ایک ایگزیکٹیو ڈائریکٹر سدھیر گپتا اور چیف جنرل منیجر امتیاز احمد بٹ کے علاوہ دیگر سینئر آفیسر اور عہدیدار بھی موجود تھے۔

نمائش گاہ

ادھر نمائش گاہ سرینگر میں یوٹی سطح کے10روزہ گاندھی شِلپ بازار کا اہتمام کیاگیا ہے، جہاں دستکاروں اور بنکروں کے 70سٹال□گائے گئے ہیں۔

ڈائریکٹرہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ□ومز کشمیر مُسرت اسلام نے کہا ہے کہ ٹیکسٹائلز کی مرکزی وزارت کی طرف سے منعقد کر دہ اس نمائش میں□وگ کشمیر کے مشہور دستکاری مصنوعات مناسب داموں پر خرید کر مقامی دستکاروں کی مدد کر سکتے ہیں۔

پاسپورٹ آفس

پاسپورٹ آفس سرینگر میں 14سے28ستمبر تک منعقد کر دہ ہندی پکھواڑہ2025 کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا ہے۔

اختتامی تقریب سے خطاب کر تے ہوئے ریجنل پاسپورٹ آفیسر سرینگر بی ایس راوت نے ہندی زبان کو ملک میں اتحاد کی ایک قوت قرار دیتے ہوئے پروگراموں میں ملازمین کی شرکت کو سراہا ۔

سواستھ ناری

سواستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت منعقد ہ پروگراموں میں خواتین کے تغذیے اور ان کی صحت پر توجہ مرکوز ہے ۔

Polycystic ابھیان کے تحت شیر کشمیر انسٹیچوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ میں منعقد کردہ نام کا میگا جانکاری پروگرام اختتام پذیر ہو گیا ہے ۔ Ovary Syndrome

اختتامی تقریب پر ادارے کے ڈائریکٹر پروفیسر// ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے کہا کہ خواتین کو اپنی صحت کا خاص خیال رکھنا چاہئے تاکہ اس طرح کی پریشانیوں سے بچا جا سکے۔

موسم/مختار

محکمہ موسمیات نے 4اکتوبر سے موسم میں تبدیلی آنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔

آئندہ کی موسمی صورتحال کے بارے میں سرینگر محکمے موسمیات کے سربراہ ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-------Dr. Mukhtar-------

وجے دشمی

آج وجے دشمی ہے۔دسہرہ کے موقعے پر آج مندرونمیں خصوصی تقاریب کا اہتمام ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، وزیر اعظم نریندر مودی،لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا، وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ، کا بینہ وزیر ستیش شرما اور کئی اہم شخصیات نے عوام کو وجے دشمی کی مبارکباد پیش کی ہے۔

مبارکبادی کے اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوننے ملک اور عوام کی خوشحالی کیلئے پرارتھنا کی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11 اعشاریہ 7 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت24 اعشاریہ 1ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

....

....